کارن راہ جلالت میری ، کرن صلوٰتاں قائم

اونہاں کارن منبر نوری ، وچ بہشت بنائے
ویکھ اونہاں نوں نبی شہید بھی وچ تعجب آئے

یعنی نبی ،شہید بھی کرسن ، خاص اونہاں دیاں ریساں
منبر نوری ویکھ اونہاں دے ، ہوسن بہت حریصاں

نبی شہیداں تائیں بھاویں ، ہین مراتب سارے
ویکھ اونہاں نوں خوش ہوجاسن ، نبی شہید بھی سارے

ایڈ مراتب دِتے اللہ ، خاص ولیّاں تائیں
چالی برساں جنت اندر ، پہلے ملسن جائیں(1)

دوجی وچ حدیثے آیا ، اوّل پنج سو برساں(2)
غنیاں تھیں ربّ کہے فقیراں ، داخل جنت کرساں

حُب اونہاں دی کُنجی جانڑیں ،خاص بہشتاں تائیں
جو کوئی دُشمن فُقراواں ، اوس مِلسن دوزخ بھائیں

مندرجہ بالا اشعار میں جن احادیث کا مفہوم بیان کیا گیا ہے،مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قارئین کے استفادہ کے لئے ان احادیث کو یہاں نقل کر دیا جائے۔(سیّد بدر مسعود گیلانی)

عَن اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِی مِسْکِیْناً وَّاَمِتْنِی مِسْکِیْناً وَّاحْشُرْنِی فِی زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ فَقَالَتْ عَائِشَۃُ لِمَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اِنَّھُمْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ قَبْلَ اَغْنِیَآئِھِمْ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا یَّاعَآئِشَۃُ لَا تَرُدِّی الْمَسَاکِیْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَۃٍ یَا عَآئِشَۃُ اَحِبِّی الْمَسَاکِیْنَ وَقَرِّبِیْھِمْ فَاِنَّ اللّٰہَ یُقَرِّبُكِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

(رواہُ التِّرمِذِیُّ وَالْبَیْھَقِیُّ فی شُعَبِ الْاِیْمَانِ 5013/14 مشکوٰۃ باب فضل الفقراء)

(حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے دُعا فرمائی کہ اے اللہ مجھے مسکین زندہ رکھ، مسکینی میں ہی وفات دے،اور مسکینوں میں میرا حشر فرما۔حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم یہ کیوں؟ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا (اے عائشہ) بے شک مسکین لوگ جنت میں غنیوں سے چالیس سال پہلے جائیں گے۔اے عائشہ(رضی اللہ

عنہا) مسکین کو خالی ہاتھ نہ لوٹاؤ اگرچہ کھجور کی ایک قاش (ٹکڑا) ہی دے دو۔اے عائشہؓ مسکینوں سے محبت کرو، انہیں قریب رکھوتا کہ اللہ تعالیٰ قیامت میں تمہیں قریب کردے۔)

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرٍ وقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَآءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رواہُ مسلم، 5004/5 مشکوٰۃ باب فضل الفقراء)

(حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ فقرأ مہاجرین قیامت کے دن مالداروں سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔)

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَدْخُلُ الْفُقَرَآءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَآءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ نِصْفِ يَوْمٍ ۔(رواہُ التِّرْمِذِیُّ 5012/13 مشکوٰۃ باب فضل الفقراء)

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں فقیر لوگ امیروں سے پانچ سو سال یعنی آدھے دن پہلے جائیں گے۔)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روایت

حضرت علی رِوایت کیتی، کولوں پاک نبیؐ دے

کرو محبت نال اونہاں دے، رکھو صاف عقیدے

اس حدیث کا پہلا حصہ حضرت سیّد غلام محمد شاہ گیلانی نے نقل نہیں کیا جس کو بریکٹ میں نقل کیا جاتا ہے۔

(عَنْ شُرَيْحِ ابْنِ عُبَيْدٍ قَالَ ذُكِرَ اَهْلُ الشَّامِ عِنْدَ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقِيْلَ الْعَنْهُمْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ لَا اِنِّیْ سَمِعْتُ ....)

(وَعَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ) قَالَ اِنِّی سَمِعْتُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ سَلَّمَ یَقُوْلُ الْاَبْدَالُ یَکُوْنُوْنَ بِالشَّامِ وَھُمْ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا کُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ رَجُلًا یُسْقٰی بِھِمُ الْغَیْثُ وَیَنْتَصِرُبِھِمْ عَلَی الْاَعْدَآءِ وَیُصْرَفُ عَنْ اَھْلِ الشَّامِ بِھِمُ الْعَذَابُ۔ (رواہ احمد، 6015/12 مشکوٰۃ باب ذکر الیمن والشام)

(حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سامنے شام والوں کا ذکر ہوا اور عرض کیا گیا، اے امیر المؤمنین ان پر لعنت کیجئے، فرمایا: ''نہیں! مَیں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ ابدال شام میں ہوں گے وہ حضرات چالیس مرد ہیں جب ان میں ایک وفات پا جاتا ہے تو اس کی جگہ دوسرے شخص کو بدل دیتا ہے۔ ان کی برکت سے بارشیں برستی ہیں، ان کے ذریعہ دشمنوں پر فتح حاصل ہوتی ہے، ان کی برکت سے شام والوں سے عذاب دور ہوتا ہے۔'')

سرورِ عالم نے فرمایا، سُن توں میرے بھائی!
چالی شخص ابدال ہوون گے، شام اندر اوس جائی
جس ویلے جے ہک اونہاں تھیں نال قضا مر جاوے
دوسرا اوس دی جگہ، اللہ خود تبدیل کراوے
برکت نال دُعا اونہاں دے، بارانِ رحمت آوے
وقت لڑائی مدد اِلٰہی، وَیریوں فتح دیواوے
اَتے عذاب جہنم کولوں، اہل شام تمامی
برکت اونہاں معافی پاون، اللہ دا انعامی
ایڈے قدر مراتب اونہاں، دِتے اللہ سائیں
دیکھ حدیث رسول اللہ دی، تینوں آکھ سنائیں

حدیث بیعت

اَتے بخاری صحیح مسلم وچ ، ترمِذی ہور[1] نسائی
کرے عبادہ ایہہ رِوایت سرور ایہہ فرمائی
میرے تھیں تسی بیعت کریو ، اِس شرطاں تے بھائی
واحد ہِکو اللہ جانو ، اوس شریک نہ کائی
چوری اتے زنا نہ کرنا ، جیوں اللہ فرمایا
اٹھائیویں وچ سپارے ، سورت ممتحنہ وچ آیا

عَنْ عُبَادَةَ بن الصَّامِتِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ اَتُبَايِعُوْنِیْ عَلَی اَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَیْئًا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَسْرِقُوْا وَقَرَاَ آيَةَ النِّسَاءِ ۔ (بخاری، باب التفسیر)

(حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛ کیا تم مجھ سے اِس بات پر بیعت کرتے ہو کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرو گے، نہ بدکاری کرو گے اور نہ چوری کرو گے پھر آپ نے (سورہ ممتحنہ کی) آیت نسأ تلاوت فرمائی؛

يٰٓاَيُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓی اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (سورہ ممتحنہ، آیۃ 12)

(اے نبی! (صلی اللہ علیہ وسلم) جب آپ کی خدمت میں مؤمن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لئے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی اور امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ ان سے بیعت لے لیا کریں اور ان کے لئے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔)

ربّ فرمایا اے پیغمبر! جس دم آں زناناں
پاس تیرے ہوون بیعت کارن بھائیاں مسلماناں
اِس شرطاں تے بیعت کرنی، اونہا سبھناں تائیں
کرن شریک اوہ نال اللہ دے، کسے شے نوں ناہیں
چوری اتے زنا نہ کیچن ، نہ مارن اَولاداں
جھوٹھیاں گلاں پیش نہ آنن ، رب تھیں منگ مراداں
جھوٹھ کیہڑا جو بدھا ہوئے اوپر ہتھاں پیراں
ہتھیں پیریں گاون جاون ، اندر مجلس غیراں
تے فرزند حرامی تائیں ہرگز باہر نہ آنن
اتے دروغ نہ سِر خاوند دے ، ہر گز مول لیاون
نافرمانی کرن نہ تیری ، اندر کم نکوئیاں
پس بیعت کرو قبول تنہاں دی ، جے سُٹن بد خوئیاں
پچھے طلب آمرزش کرنی ، خاص انہاں دے تائیں
تحقیق خداوند بخشنہارا ، سب خلقت دا سائیں

کہے عبادہ ، ایہہ بھی آیت سرور کہہ سنائی
مرداں بیویاں دوہاں کارن ،ایہہ اللہ فرمائی
ہور حدیث ہک وچ نسائی ، اِس حکمے تے آئی(1)
اصحاباں نوں پاک نبیؐ نے ، ایہہ گل کہہ سنائی
کیا تسیں ناں مَیں تھیں بیعت ،عہد اوپر اِس کردے
جس عہدے تے بیویاں کردے، ہو دِلوں بجانوں بردے
عرض کیتی تا اصحاباں نے ، پاک نبیؐ سُلطاناں
ہے منظور اسانوں بیعت اوپر عہد زناناں
جیوں کر اِس آیت اندر ہے، اللہ نے فرمایا
ایہو حکم نبیؐ سرور نے مرداں نوں سکھلایا
عورت ، مرداں کارن ایہو ، امر ضروری بھائی
اپنے نفس بچاون دوویں ، کولوں کم بُرائی
سلمہ بن اَکوَع فرمایا ، وچ بخاری آیا (2)
مَیں سرورؐ تھیں بیعت کرکے ، ہیٹھ درختے آیا
سائے ہیٹھ درختے دے ، جاں مَیں آرام اوہ پایا
ٹُر گئے لوک جدوں مجلس تھیں ، فِر سرورؐ فرمایا
اے سلمہ ! توں بیعت مَیں تھیں، کردا ہیں کیوں ناہیں
عرض کیتی یا حضرت بیعت کیتا ہے مَیں تائیں
حضرت کیہا دوبارہ بھی بیعت سلمہ ہوویں
تا دوجی واری بیعت کیتا محکم قدم کھلوویں

ترک بیعت دا جدوں گمان ہے سرورِ عالمؐ کیتا
دوجی واری تدے بیعت کردے سر دنیتا
چارے یار کِبار نبیؐ دے اپنی وچہ خلافت
بیعت کردے اصحاباں نوں اپنی نال عنایت
بیعت کرنے وقت اصحاباں کارن ایہہ فرماندے
کتاب اللہ تے سنن نبیؐ تے ، عمل کرو بتلاندے
مُسند احمد وچ بخاری قصہ بیعت والا (3)
حضرت شاہ عثمان غنی دا ویکھیں قلب اُجالا
ابن ابی حاتم تھیں ہور ہے ہک رِوایت آئی
روز فتح مکے دی ہک مَیں دیواں نیک گواہی
کوہِ صفا دے اوپر ڈِٹھا سرورِعالمؐ تائیں
مرداں دی سن بیعت لیندے آپ بیٹھے ہک تھائیں
حضرت عمر فاروقؓ بھی ہک جا بیٹھ پہاڑی آہے
بیعت لیندے بیویاں کارن نیک اعمال بتائے
ابوداؤد بے بیہقی اندر بھیٔ اندر طبرانے
اُمِ عطیہ کرے روایت نال ولیدے جانے
جس دن حضرتؐ وچ مدینہ ، سن تشریف لیائے
انصاریاں دیاں بیویاں کارن ، ایہہ سرورؐ فرمائے
ہک مکان وچ جمع ہوون دا حکم نبیؐ فرمایا
حضرت عمر فاروقؓ عادل نوں تا سرورؐ فرمایا

کریو بھائی بیعت اِنہاں جو عورت انصاراں
حضرت عمر کیتی تاں بیعت اوہ نسأ ہزاراں

وچ بخاری کرن روایت ایہہ عبدالرحمانونؓ
جاں کرن مقرر سوم خلیفہ ، کل اصحاب بجانوں

جدوں خلیفہ شاہ عثمانؓ نوں کرن اصحابی سارے
تا عبدالرحمانؓ عرض گزاری اگے ولی پیارے

میرے کارن بیعت کریو اُپر کتب اِلٰہی
سُنت اُتے رسول اللہ تے جس وچ شک نہ کائی

ہور طریقہ شیخیاں(4) دا جیوں کر چلیا آیا
تا عثمانؓ نے بیعت کرکے سچا راہ وکھایا

امام احمد تھیں ہور روایت ایسے کارن آئے
بیعت کران کتاب اللہ تے جیوں کر ربّ فرمائے

سنت اِہو رسول اللہ تے بیعت اساں قبولی
اُپر طریق ابوبکرؓ تے عمرؓ احباب رسولؐ

---

(۱) عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِیْ رَهْطٍ فَقَالَ أُبَايِعُكُمْ عَلَى اَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَ لَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ وَلَا تَأْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوْنِيْ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَفّٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۔ الیٰ آخرہٖ ۔(سنن نسائی جلد سوم 487 ، باب البیعۃ النسأ)

(حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مَیں نے ایک گروہ کے ساتھ حضور ﷺ کی بیعت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا؛ تم میری بیعت اِس بات پر کرو کہ تم کسی کو بھی اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہراؤ، نہ چوری کرو، نہ بدکاری کرو، نہ اپنی اولادوں کو قتل کرو، نہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان سے کسی پر بہتان باندھو، نہ میری نافرمانی کرو امر شرعی میں۔ پس جس نے اس عہد کو پورا کیا تو اس کا اجر اللہ پر ہے .... الیٰ آخر۔

(2) عَنْ سَلَمَةَ قَالَ بَايَعْنَا النَّبِيَّ ﷺ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَقَالَ لِي يَا سَلَمَةُ أَلَا تُبَايِعُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ بَايَعْتُ فِي الْأَوَّلِ قَالَ وَفِي الثَّانِي۔ (بخاری شریف، 2115 جلد سوم)

(حضرت سلمہ بن اَکوَع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے درخت کے نیچے حضور نبی کریم ﷺ سے بیعت کی، آپ ﷺ نے فرمایا؛ اے سلمہ! کیا تم میری بیعت کرو گے؟ مَیں نے عرض کیا؛ یا رسول اللہ! مَیں آپ کی ایک بار پہلے بیعت کر چکا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا؛ دوسری مرتبہ بھی کرو۔)

(3) عن سلمة بن عبدالرحمٰن .. يَوْمَ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ إِذْ بَعَثَنِي إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ قَالَ هٰذِهِ يَدُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَبَايَعَ لِيْ۔ (مسند احمد)

مفہوم ؛حضرت سلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ۔۔حدیبیہ کے مقام پر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مکہ کے مشرکین کی طرف اپنا سفیر بنا کر بھیجا تو آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ پر اپنے دوسرے ہاتھ کو رکھتے ہوئے فرمایا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے، تو مَیں عثمان کی طرف سے بیعت کرتا ہوں۔

(4)۔شیخنیاں، یہ لفظ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے لئے بولے جانے والے لفظ ''شیخین'' سے ماخوذ ہے۔

وظیفہ برائے صاحبانِ طریقت

جملہ صاحبانِ طریقت کو واضح ہو کہ قصیدہ ہٰذا کا وِرد بعد نمازِ عشأ ہر روز گیارہ بار کیا کریں اور اوّل، آخر گیارہ گیارہ بار درُود پڑھیں۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ ہر ایک مشکل، قاضی الحاجات آسان کرے گا۔

یَا حَبِیْبُ الْاِلٰہِ خُذْ بِیَدِیْ، مَا لِعَجْزِیْ سِوَاكَ مُسْتَنَدِیْ (1)

یاحبیب رسول اِلٰہی ، ہر عاجز نوں تکیہ گاہی

چھڑیوں پکڑیں تو ہتھ میرا ، مَیں عاجز نوں تکیہ تیرا

تیرے باہجھوں ہور نہ کوئی ، دافع درد بیماری دا

کُنْ رَحِیْماً الَّذِیْ اَتَنِی وَشُفَعْ، یَا شَفِیْعُ الْوَرٰی اِلَی الصَّمَدِیْ (2)

کرتوں رحم شفاعت میری ، مَیں عاجز نوں ہور نہ ڈھیری

ہر عاصی دی کرِیں شفاعت ، حال میرے تے کرو عنایت

دامن لگیاں نہ دکھ پوچائیں ، توں محبوب غفاری دا

اِعْتِصَا مِیْ سِوَا جَنَابِكَ لِیْ، لَیْسَ یَا سَیِّدِیْ اِلَی الْاَحَدِیْ (3)

کس دے دامن چنگل ماراں ، باہجھ جناب تیری کِس کاراں

ہور نہ کوئی سیّد میرے ، میرا تکیہ نال جو تیرے

ہر مشکل تے اوکھی گھاٹی ، تیرا نام چتاری دا

غَیْرَ عُرْوَاكَ لَیْسَ فِیْ الدَّارَیْنِ، لِعَلَیْلٍ ذَلِیْلٍ مُعْتَمَدِیْ (4)

مَیں پُر عِلت بہت خواری ، تیرے باہجھ نہ کرے کوئی یاری

باہجھوں تیرے بُھل جو میرے ، ناخلاصی دو جگ میری

مَیں اعتقاد تُساڈے اُتے ، طمع تُساڈی یاری دا

صَلٰوتِی عَلَیْكَ فِی الْمَلَوَیْنِ کَانَ مُتَجَاوِزًا عَنِ الْعَدَدِیْ (5)

کہاں صلوٰۃ سلام دُعائیں ، وچ کونین تُساڈے تائیں

بہت دُرود ہمیشہ سلام تُد پر سُتیاں بیٹھیاں قائم

ہر دم لکھ درود کروڑیں ، تیں پر باہجھ شماری دا

وَعَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ طُرًّا، وَعَلٰی اٰلِهٖ اِلَی الْاَبَدِیْ (6)

گھر دے لوک تُساڈے سارے ، اونہاں صلوٰۃ سلام دوبارے

جے کجھ حال تُساڈے سارے ، بہت درود اونہاں لکھ وارے

اوّل تھیں تا آخر وسے ، جیوں کر ابر بہاری دا

وَعَلَی الصَّحْبِ کُلُّهُمْ اَجْمَعَ، هُمْ نُجُوْمُ الْهُدَاءِ اِلَی الرَّشَدِیْ (7)

وت اصحاب تساڈے سارے ، اونہاں صلوٰۃ سلام دوبارے

جیوں کر حکم تُساں فرمایا، اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ ہے آیا

جیکو پہنچے کہیا اُنہاں دے ، راہ ہدایت ساری دا

وَعَلَی التَّابِعِیْنَ هُمْ کَانُوْا، لِخِیَامِ السِدَادِ کَالْوَتَدِیْ (8)

وَت دُرود جو تابع تائیں ہین ہدایت دے کُل سائیں

ہویا علم اونہاں دا شامل دین اِسلام جو ہویا کامِل

تنبو جو شریعت محکم میخاں مار کھلاری دا

اِسْتَغِیْثُوْا لِعَاجِزِامُضْطَرِا ، شَمِّرُوْا ذَیْلَکُمْ اِلَی الْمَدَدِیْ (9)

سُن فریاد مَیں کو ہک چاہاں ، ہر عاجز نوں دے پناہاں

نال چُمٹّا ذیل مَیں تیری ، کنجھ دامن، کر مدد میری

باہجھوں مدد تیری مَیں ڈُبا ، نال کرم دے تاری دا

1۔ اے حبیبؐ اللہ العالمین! میرا ہاتھ تھام لیں کیونکہ مجھ عاجز کے لئے آپ کے سوا کوئی اور سہارا نہیں۔

2۔ اے بارگاہِ صمدیت میں عظیم شفاعت فرمانے والے ! اپنی شفاعت کے صدقہ میں ہم پر رحم فرما۔

3۔ اے بارگاہِ احدیت میں رسائی پانے والے سردارِؐ دو جہاں ! آپ کی جناب کے سوا میری اور کوئی پناہ گاہ نہیں۔

4۔ آپؐ کے گوشۂ عافیت کے سوا دونوں جہانوں میں اس بیمار اور عاجز کے لئے کوئی جگہ نہیں۔

5۔ آپؐ پر دن اور رات درُود ہو جو حد و حساب سے تجاوز کر جائے۔

6۔ اور آپؐ کی اہل بیت پر لگاتار درُود ہو اور آپ کی آل پر تا ابد درُود ہو۔

7۔ اور آپؐ کے تمام صحابہ کرام جو رُشد کی طرف رہنمائی کرنے والے ستارے ہیں پر مجموعی طور پر درود ہو۔

8۔ اور تابعین پر رحمتوں کا نزول ہو جو ہدایت کے خیمے کے مضبوط کھونٹے ہیں۔

9۔ اس بے قرار عاجز کی فریاد سنیں اور اس کو اپنے دامن میں اپنی امداد کے ساتھ سختی سے چھپا لیں۔

اشعارِعبرت

سُنی اوہ بے نمازا ، بے حیاوا
سُنی اوہ شیطان دیا وَڈیا بھراوا

ہویا شیطان اِک سجدے توں عاری
کرے پھٹکار اُس نوں خلق ساری

خدا اوس نوں دُھروں مردُود کیتا
پیالہ لعنتاں دا گھول پیتا

ہزراں سجدیاں دے تُد گوائے
کہڑا بندہ تینوں لعنت نہ پائے

تیرا احوال جے ظاہر کیچیوے
کلیجہ مؤمناں دا چاک تھیوے

تیرا جے کر کوئی چا نام لیوے
کنّاں وچ اُنگلیاں شیطان لیوے

رہویں جس گھر وچ توں ہڈیاں دا ساڑا
ہووے سارے محلے دا اُجاڑا

تیری شامت پاوے جگ وچ رولے
مرض طاعون تے ہیضہ تپولے

تیری شامت کنوں باران نہ برسن
سبھے حیوان پئے پانی نوں ترسن

ہو جاون کھیتیاں سُک سڑ کے کولے
جواریں، باجرے کنکاں تے چھولے
تیری جاگہ بنی دوزخ دے تھلے
جتھے پتھر ترامیں وانگ گلّے
توں ہیں مردُود اللہ دی جنابوں
تیری نالائقی باہر حسابوں
ہکے دن شاہِ جیلانی سُہارے
سویلے جاگ جنگل نوں سُدھارے
اوہ کیا ویکھن ہکے جاگہ تے آکے
جو ہک خنزیر بیٹھا منہ چھپا کے
کیہا حضرت نے اوس خنزیر تائیں
جو باعث منہ چھپاون دا بتائیں
سویرے توں نے کیوں منہ نوں چھپایا
بتا کس چیز دا تُد خوف آیا
کہے خنزیر سُن ربّ دے پیارے
دِتے خدا تینوں درجے نیارے
سویرے مَیں نے اِس تھیں منہ لُکایا
جو مینوں بے نمازاں نے اکایا
جدوں مَیں بے نماز اس وقت پاواں
مراں بُھکھا نہ کائی چیز کھاواں

کیتا اس واسطے مَیں مُنہ پوشیدہ
جو ویکھاں مَیں نہ چہرہ اُس شقی دا

سُنی او بے نمازا بے وقارا
کریندے سور بھی تے تھیں کنارا

تیری بد شکل تھیں اوہ منہ چھپاون
تینوں خِنزیر بھی مُونہے نہ لاون

نہ کر غفلت نمازوں بے نمازا
نہیں مَعلوم حیاتی دا اندازہ

اجے فرصت کوئی ساعت ہے باقی
ہٹا دے اج سب گلاں نفاقی

نبیؐ دے دین دا رستہ نہ چھوڑیں
نمازوں جیوندیاں مُکھ نہ موڑیں

محمد(سیّدغلام محمد شاہ گیلانی) رہے جب تلک ایہہ زندگانی
پڑھیں پنجے نمازاں جاوِدانی

نہیں رہنی ہمیشہ گھر دی شاہی
ہکے دن جاونا پیشِ الٰہی

سدا پانی نہ اِس پتن تے بھرنا
مسافر نے ہے اک دن کوچ کرنا

جدوں آئے سمّن لے کے پیادے
نہ رہسن یاد دُنیا دے لگاوے

پچھے ماڑیاں خالی چھڑیسیں
نہ بوہے کُنڈیاں جندرے مریسیں
کھُلے در چھوڑ کے ہوسیں روانہ
نہ مِل سی سانبھناں دولت خزانہ
قضیئے نال جو کجھ جوڑسیں توں
اخیری وقت سب کجھ چھوڑسیں توں
خدا دے واسطے جو کجھ دِتوئی
ذخیرہ اوہ قیامت دا کیتوئی
کریں جس مال دا صدقہ ادائی
بنے گا اوہ تیرا موجب رہائی

حرف آخر

کام میرا حسبِ منشا ہو گیا
اب میرے دل کا تمنا ہو گیا
لاکھ فرحت ہے مجھے اس بات کی
ہدیہ میرا چھپ کے زیبا ہوگیا
گرچہ مَیں شاعر نہیں اے ذی حشم
لیک مجھ پر فضلِ مولا ہوگیا
حسد کی آتش سے جل جائیں حسود
دوستوں کا دِل اُجالا ہو گیا
ہویا شجرہ ختم ایہہ فضل خدا دے نال
بہت درُود رسولؐ تے نالے اُپر آل
جو مَیں ایس کتاب تے محنت کیتی سب
ہے اُمید قبول دی جے کرسی ربّ
محنت میری خالقا کریں تمام قبول
اپنا دے دیدار تے نالے قرب رسولؐ
بندہ تیرا خالقا! نام غلام محمدؐ شاہ فقیر
مہرِ کرم تھیں بخش دے کل اس دے تقصیر

---------- خاتمہ بالخیر ----------

سیرت واحوال

حضراتِ خواجگانِ نقشبندیہ مجدّدیہ نُوریہ

(شجرۂ طریقت کے مطابق)

مرتبہ: سیّد بدر مسعود شاہ گیلانی

1۔ حضور سرورِ کونین محمدؐ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

حضور سیّد العالمین محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ظہور سرزمینِ مکۃ المکرّمہ پر 571 سن عیسوی کے موسمِ بہار میں ہوا۔ خاندانِ عبدالمطلب کے اس گل سرسبد نے تمام جہانوں کو معطر و معنبر کردیا۔ جہانِ نبوت کے اِس آفتابِ گوہر فشاں کی روشنی چاردانگِ عالم میں ایسی پھیلی کہ تاقیامت اس کی ضیاپاشیاں ہر زمانے کے منصف مزاج انسانوں کے قلوب واذہان کو منور کرتی رہیں گی۔ اِس عظیم الشان ہستی کے محاسن ومحامد ازل تا ابد بیان کئے جاتے رہیں گے، مجھ جیسا بے علم و بے عمل شخص آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حسن و جمال اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے عمل و کردار کے کمال پر کیسے لب کشائی کرسکتا ہے۔ اِس مقام پر مجھ سے پہلے جتنے لکھنے والے تھے، سب نے اپنی زبانوں کو مشک وگلاب اور زم زم سے دھو کر بھی کہا تو پھر بھی عاجزی کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکے اور ان میں سے ہر کسی کو بزبانِ شعر یا نثر یہی کہنا پڑا کہ ؎

هزار بار بشویم دهن ز مشک و گلاب
هنوز نامِ تو گفتن کمال بے ادبیست

اور بالآخر ہر سیرت نگار کو خواہ وہ کسی علاقہ، رنگ، نسل یا زبان سے تعلق رکھتا تھا، یہی کہنا پڑا اور قیامت تک اِس بارگاہ قدس پناہ میں اپنا ہدیۂ عقیدت پیش کرتے ہوئے یہی کہنا پڑے

گا، یہی وجہ ہے کہ مَیں عاجزی کا اظہار کرتے ہوئے اپنی بات کو اسی پر ختم کرتا ہوں کہ ۔

غالبؔ ثنائے خواجہؐ بیزدان گزاشتیم
کان ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمدؐ است

2۔حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

آپ کا نام حضرت عبداللہ، لقب ابوبکر، کنیت صدیقِ اکبر بن عثمان ابوقحافہ بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرّہ۔حضور سیّدِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا شجرہ مرّہ پر جا کر اِس طرح مل جاتا ہے، حضرت رسولِ اکرم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قُصَّیٰ بن کلاب بن مرّہ۔اِس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حضرت مرّہ کے درمیان چھ پشتیں ہیں۔حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے متعلق ارشاد فرمایا: مَاصَبَّ اللّٰہُ فِیْ صَدْرِیْ شَیْئًا اِلَّا صَبَبْتُہٗ فِیْ صَدْرِ اَبِیْ بَکْرٍ۔ (اللہ تعالیٰ نے میرے سینے میں کوئی ایسی چیز نہیں ڈالی جس کو مَیں نے ابوبکر کے سینہ میں نہ ڈال دیا ہو) (مستدرک حاکم۔روایت از حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ)

آپ رضی اللہ عنہ کے بے شمار مناقب ہیں، جن کا اس مختصر مضمون میں احاطہ کرنا ممکن نہیں۔

3۔حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سیّدِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں لیکن آپ کا رُوحانی یعنی علم باطن میں انتساب حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہے۔بعض روایات کے مطابق آپ نے دوسو پچاس سے تین سو پچاس (250-350) سال کی عمر پائی۔آپ اہل بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قدر محبت کرتے تھے کہ اس محبت کی بنا پر حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا؛ سلمانُ مِنَّا اَھْلَ الْبَیْتِ (سلمان میرے اہل بیت سے ہے۔)

امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہ کو مدائن کا امیر مقرر فرمایا اور پانچ ہزار

درہم سالانہ بیت المال سے آپ کا وظیفہ مقرر کیا لیکن آپ کی کمال درویشی کا یہ عالم تھا کہ آپ یہ سارا مال غریبوں میں تقسیم کردیتے اور خود زنبیلیں بناتے اور ان کو فروخت کرکے اپنا خرچ چلاتے۔ آپ کا وِصال 36 ہجری میں ہوا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ایک رات میں مدینہ منورہ سے مدائن تشریف لے گئے اور آپ کو غسل دے کر اسی رات واپس مدینہ منورہ پہنچ گئے۔

4۔ حضرت اِمام قاسم بن محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ

آپ رضی اللہ عنہ کبار تابعین میں سے تھے اور مکہ کے مشہور سات فقہا میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ آپ امامِ زمانہ اور یکتائے روزگار ہستی تھے۔ صحابہ کرام کی ایک بڑی تعداد سے آپ نے اکتسابِ فیض کیا۔ آپ کی باطنی نسبت حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے ہے۔ آپ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی صحبت میں بھی رہے، جہاں سے آپ کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی نسبت بھی حاصل ہوئی۔ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ حضرت امام زین العابدین بن سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہما کے خالہ زاد بھائی ہیں۔ آپ کی والدہ ''یزدجرد شہریار'' (جو عجم کا آخری بادشاہ تھا) کی بیٹی تھیں۔ آپ کا وِصال 101 ہجری میں ہوا۔

5۔ حضرت اِمام جعفر صادِق رضی اللہ عنہ

حضرت اِمام جعفر صادِق بن حضرت امام محمد باقر بن حضرت سیّدنا زین العابدین رضی اللہ عنہم، حضرت اِمام قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہم کی بیٹی حضرت اُمِّ فروہ کے بیٹے تھے۔ اس طرح حضرت اِمام جعفر صادِق رضی اللہ عنہ کا روحانی انتساب اپنے نانا حضرت اِمام قاسم بن محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہم اور اپنے والد حضرت اِمام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے ہے، اس طرح حضرت اِمام جعفر صادق رضی اللہ عنہ دو نسبتوں یعنی نسبت صدیقی اور نسبت علوی کے جامع ہیں۔ آپ کی وِلادت مدینہ منورہ میں 80 ہجری میں ہوئی اور مدینہ منورہ میں ہی (اڑسٹھ سال کی عمر میں) 148 ہجری میں رحلت فرمائی۔

6۔حضرت شیخ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام طیفور بن عیسیٰ بن آدم بن سروشان ہے۔علمِ باطن میں آپ کا انتساب حضرت اِمام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے ہے، آپ حضرت اِمام سے اویسی فیض یافتہ ہیں۔ آپ اپنے وقت کے سب ولیوں سے اعظم ولی تھے۔آپ ''سلطان العارفین'' کے نام سے مشہورِ زمانہ ہوئے۔آپ کا وِصال 261 ہجری میں ہوا۔

آپ کی ظاہری نسبت اس طرح منقول ہے، بایزید بسطامی از اِمام علی رضا از اِمام موسیٰ کاظم از اِمام جعفر صادِق رحمۃ اللہ علیہم۔

7۔حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام علی بن جعفر اور کنیت ابوالحسن ہے۔آپ کا روحانی انتساب بطریقِ اویسی حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمہ سے ہے، جبکہ آپ کا سلسلۂ بیعت اس طرح ہے، حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی از ابوالمظفر مولانا طوسی از خواجہ اعرابی بایزید عشقی از خواجہ محمد مغربی از خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہم۔آپ کے کمالات احاطۂ تحریر سے باہر ہیں۔

آپ کا وصال 425 ہجری میں ہوا۔

8۔حضرت خواجہ احمد یسوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی قدس سرہٗ کے تیسرے خلیفہ تھے۔ترکستان کے لوگ آپ کو ''اتا یسوی'' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ترکی میں لفظ ''اتا'' باپ کے لئے بولا جاتا ہے اور اس کا اطلاق مشائخِ کرام پر بھی ہوتا ہے۔آپ ترکستان کے شہر ''یسی'' میں پیدا ہوئے اور آپ کی قبر مبارک بھی اِسی شہر میں ہے۔آپ بہت بلند مراتب و مقامات کے حامل اور صاحبِ کرامات بزرگ تھے۔آپ بچپن سے ہی حضرت باب ارسلان علیہ الرحمہ کے

منظورِ نظر ہو کر آپ کے زیرِ تربیت آ گئے تھے۔

کہتے ہیں کہ حضرت باب ارسلان علیہ الرحمہ نے حضرت رِسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت سے آپ کی تربیت شروع کی۔ حضرت باب ارسلان رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں رہ کر آپ نے کلی ترقیات حاصل کر لی تھیں۔ حضرت باب ارسلان کے وصال کے بعد آپ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی علیہ الرحمہ کی خدمت میں رہ کر درجۂ تکمیل وارشاد پر پہنچے۔ یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ حضرت احمد یسوی مشائخِ تُرک کے سرِ حلقہ ہیں اور اکثر مشائخِ تُرک طریقت میں آپ کی طرف ہی انتساب رکھتے ہیں۔ (ماخوذ از ''رُشحات'')

9۔ حضرت خواجہ ابو منصور ماتریدی قدس سرہٗ

ابومنصو محمد بن محمد بن محمود رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم سمرقند کے علاقے ماترید میں اندازاً 238ھ / 853ء میں پیدا ہوئے اور اسی نسبت سے الماتریدی معروف ہوئے۔ فقط دو واسطوں سے حضرت اِمام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مشہور ترین شاگردوں امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کے شاگرد تھے۔ یہ علم الکلام اور علم العقائد کے بے مثال ماہر تھے لہٰذا انہیں امام المتکلمین اور مصلح عقائد المسلمین کہا جاتا ہے۔ ان کا بڑا کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے معتزلہ کی ''تاویلاتِ قرآن مجید'' کی تردید میں ''تاویلاتِ قرآن'' کے عنوان سے جو کتاب لکھی وہ اہلِ سنت وجماعت کے نقطۂ نظر سے ایسی کتاب قرار دی گئی جس کی نظیر نہیں ملتی۔ اکثر حنفی علمائے عقائد و کلام میں خود کو ماتریدی لکھتے ہیں۔

اِمام ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ 333ھ /944ء میں جہانِ فانی سے رُخصت ہوئے۔ حنفی ماتریدی عقائد سلجوقیوں اور خلافتِ عثمانیہ کے دَور میں دُور دُور تک پھیلتے گئے خصوصًا افغانستان، سنٹرل ایشیا، جنوبی ایشیا اور ترکی وغیرہ میں۔ (ماخوذ از ''پروارِ محبوب'' پیر الطاف محمود ہاشمی مدظلہٗ)

10۔حضرت شیخ بوعلی فارمدی قدس سرہٗ

علمِ باطن میں آپ کا انتساب حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔حضرت شیخ ابوالقاسم گرگانی طوسی علیہ الرحمہ سے بھی آپ کو صحبت رہی ۔حضرت شیخ بوعلی فارمدی کی وِلادت 434ہجری میں ہوئی جبکہ آپ کا وصال 511ہجری میں ہوا۔

11۔حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت قطب الاولیا ٔ،خواجہ محمد پارسا قدس سرہٗ کی کتاب فصل الخطاب میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی علیہ الرحمہ جب اٹھارہ(18) سال کی عمر کو پہنچے تو آپ بغداد چلے گئے جہاں سے آپ نے فقیہہ ابی اسحاق سے علمِ فقہ حاصل کیا اوراس میں کمال کے درجہ تک پہنچے۔آپ حضرت اِمام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی فقہ کے پیرو تھے۔آپ اصفہان، بخارا، عراق،خراسان،خوارزم اور ماورأالنہر کے علاقوں تک مقبول ہوئے اورکئی سالوں تک کوہ ِرز میں سکونت اختیار کیئے رکھی۔آپ کوحضرت عبداللہ جوینی علیہ الرحمہ سے خرقۂ خلافت عطا ہوا۔آپ کا انتساب تصوف میں حضرت شیخ عبداللہ جوینی،حضرت شیخ حسن سمنانی اورحضرت شیخ بوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہم سے ہے۔

آپ صاحبِ احوال وکرامات تھے۔ بغداد،اصفہان،سمرقند اور بخارا تک کے لوگوں نے آپ سے علمی ورُوحانی استفادہ کیا۔آپ440ہجری میں پیدا ہوئے اور535 ہجری میں آپ کاوِصال ہوا۔(ماخوذازرُشحات)

12۔حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی علیہ الرحمہ کے خلیفہ تھے۔آپ غجدوان نزد بخارا میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد حضرت عبدالجلیل المعروف عبدالجمیل رحمۃ اللہ علیہ اِمام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد سے تھے، جو ظاہری و باطنی علوم سے آراستہ اور حضرت خضر علیہ السلام کے صحبت یافتہ

تھے۔آپ کو حضرت خضر علیہ السلام نے بیٹے کی پیدائش کی خوشخبری دی اور آپ کا نام عبدالخالق تجویز کیا۔آپ طریقت میں ''حجت'' ہیں اور آپ نے ذکرِ خفی کا طریقہ حضرت خضر علیہ السلام سے اِس طرح سیکھا کہ حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو پانی کے حوض میں اُترنے اور پانی میں ڈبکی لگا کر دل سے '' لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ '' کا ذکر کرنے کی تلقین کی۔جب آپ نے پانی میں ڈبکی لگا کر اس طرح ذکر شروع کیا تو آپ کو اوّل تا آخر کشادگی حاصل ہوگئی۔ اس کے بعد آپ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی علیہ الرحمہ کی صحبت میں پہنچے۔اگر چہ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی کا طریقۂ ذکرِ جہری تھا لیکن آپ نے حضرت عبدالخالق غجدوانی کو ذکرِ خفی جاری رکھنے کی اجازت دے دی۔حضراتِ خواجگانِ نقشبندیہ قدس سرہم کے طریقہ کی بنیاد جن گیارہ کلمات پر ہے ان میں سے آٹھ کلمات یعنی ہوش در دم،نظر بر قدم،سفر در وطن،خلوت در انجمن،یاد کرد،بازگشت،نگاہ داشت،یادداشت ہیں جبکہ دوسری تین اصطلاحات، وقوفِ عددی،وقوفِ زمانی،وقوفِ قلبی ہیں،اس طرح یہ کل گیارہ اصطلاحات ہیں۔ان پر تفصیلی اور جدید تبصرہ حضرت ملا علی بن حسین الواعظ الکاشفی کی کتاب ''رشحات'' کی روشنی میں مترجم کتاب ہٰذا کی زیرِطبع کتاب ''نورِطریقت'' میں ان شاءاللہ کیا جائے گا۔

13۔حضرت خواجہ محمد عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی کے خلیفہ ہیں۔ آپ کا مولد و مدفن ریوگر علاقہ بخارا نزد غجدوان ہے۔

14۔حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی قدس سرہٗ

آپ کو فضل وکمال حضرت خواجہ محمد عارف ریوگری سے ملا۔آپ کا مسکن و مدفن بخارا کے نزدیک وابکن شہر ہے۔آپ گل کاری کے ذریعہ اپنا رِزق معاش حاصل کرتے

تھے۔جب آپ کو اجازت وخلافت سے نواز کر دعوتِ خلق کے لئے ماذون کیا گیا تو آپ نے وقت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ذکرِ جہر شروع کروایا۔جب آپ سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا تاکہ سوئے ہوؤں کو بیدار کیا جائے اور غافل آگاہ ہو کر سیدھا راستہ اختیار کرے اور شریعت وطریقت پر استقامت حاصل کرے۔توبہ وانابت جس کی ہر شخص کو ضرورت ہوتی ہے،کی طرف اس سے رغبت حاصل ہوتی ہے۔آپ نے فرمایا کہ ذکر جہر کی اجازت صرف اس کو ہے کہ جس کی زبان جھوٹ اور غیبت سے پاک ہو اور اس کے حلق سے حرام اور مشکوک لقمہ نہ اُترا ہو،اس کا دل ریأ سے پاک ہو،اس کے کان اور آنکھیں اللہ تعالیٰ کے غیر کی طرف متوجہ ہونے سے پاک ہوں۔(ماخوذ از رُشحات)

15۔حضرت خواجہ علی رامیتنی رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ محمود فغنوی قدس سرہ کے خلیفہ ہیں۔سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں آپ کا لقب عزیزان ہے۔آپ بہت بلند مقاماتِ روحانیہ اور کراماتِ عجیبہ کے حامل بزرگ تھے۔آپ کا ذریعہ معاش کپڑا بننا تھا۔آپ نے فرمایا کہ جب حضرت منصور کو تختہ دار پر لٹکایا گیا تو اس وقت اگر حضرت عبدالخالق غجدوانی کی معنوی اولاد میں سے ایک بھی شخص وہاں موجود ہوتا تو آپ کو اس مقام سے گزار کر اگلے مقام پر لے جاتا جہاں آپ کی محویت کی یہ کیفیت ختم ہو جاتی اور آپ قتل ہونے سے بچ جاتے۔(ماخوذ از رُشحات)

16۔حضرت خواجہ محمد بابا سماسی علیہ الرحمہ

آپ رامتین کے نزدیک قریہ سماس میں پیدا ہوئے اور آپ کی قبر مبارک بھی وہیں ہے۔آپ حضرت خواجہ علی رامیتنی قدس سرہ کے اجلّ خلفأ میں سے ہیں۔آپ جب بھی کوشک ہندوان (جو کہ بعد میں قصر عارفاں بنی) کے قریب سے گزرتے تو فرماتے مجھے

اِس خاک سے ایک مرد کے پیدا ہونے کی خوشبو آتی ہے۔ جب حضرت بہاؤالدین نقشبند بخاری پیدا ہوئے تو آپ نے ان کو اپنی فرزندی میں قبول کیا اور اپنے اصحاب سے فرمایا کہ یہ وہ مرد ہے، جس کی خوشبو مَیں سونگھا کرتا تھا۔ آپ نے اپنے خلیفہ حضرت سیّد امیر کلال قدس سرہٗ کو آپ کی تربیت پر مامور فرمایا۔(ماخوذ از رشحات)

17۔ حضرت سیّد امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ

آپ خواجہ بابا محمد سماسی قدس سرہٗ العزیز کے افضل و اکمل خلفاءٗ میں سے ہیں۔ آپ کی پیدائش و تدفین سوخار گاؤں میں ہوئی۔ جب آپ سنِ شباب کو پہنچے تو آپ کی کُشتی کے ہنگامے بپا ہونے لگے۔ کُشتی کے مقابلہ کے دَوران ایک شخص نے آپ سے سرگوشی کے انداز میں کہا کہ یہ کیا بات ہوئی کہ آپ ایک سیّد زادہ ہو کر کُشتی کھیلتے ہو اور زور آزمائی کرتے ہو۔ اس شخص کو وہیں پر نیند آ گئی اور خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہے اور وہ گردن تک کیچڑ میں پھنسا ہوا ہے۔ اچانک اس کی نگاہ حضرت سیّد امیر کلال پر پڑی، آپ نے اس کے دونوں بازو پکڑ کر باہر نکال لیا۔ جب وہ بیدار ہوا تو حضرت امیر نے اسے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم اسی دن کے لئے زور آزمائی کرتے ہیں۔ آپ بیس سال تک حضرت بابا سماسی قدس سرہٗ کی خدمت میں رہے۔(ماخوذ از رشحات)

18۔ حضرت خواجہ بہاؤالدین محمد نقشبند بخاری قدس سرہٗ العزیز

آپ کی ولادت 718 ہجری میں ہوئی۔ بچپن سے ہی آپ کے چہرۂ اقدس سے آثارِ وِلایت و ہدایت نظر آنا شروع ہو گئے تھے۔ حضرت خواجہ محمود فغنوی سے حضرت خواجہ سیّد امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ تک اس سلسلۂ عالیہ میں ذکرِ جہر کیا جاتا رہا لیکن جب حضرت سیّد بہاؤالدین بخاری کا زمانہ آیا تو آپ نے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی کے طریقۂ ذکر

یعنی ذکرِ خفی کو اس سلسلۂ عالیہ میں جاری کر دیا۔ آپ کا وِصال 791 ہجری میں ہوا۔ آپ کا مرقدِ انور "قصرِ عارفاں" نزد بخارا میں ہے۔ (ماخوذ از رشحات)

19۔ حضرت علاؤ الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام محمد بن محمد بخاری ہے۔ جب آپ کے والد حضرت خواجہ محمد علیہ الرحمہ کی وفات ہوئی تو آپ نے اپنے والد کی میراث میں سے کچھ نہ لیا اور مجرد زندگی گزارنے کا فیصلہ کر لیا، آپ بخارا کے ایک مدرسہ میں داخل ہو گئے جب آپ نے حضرت خواجہ سیّد بہاؤ الدین بخاری کے چہرۂ انور کو دیکھا تو آپ نے علومِ درسیہ کو ترک کر دیا اور حضرت خواجہ نقشبند کی صحبت میں رہنے لگے۔ حضرت خواجہ علیہ الرحمہ آپ کو ہمیشہ اپنے پاس بٹھاتے اور متواتر آپ پر توجہات ڈالتے رہتے۔

حضرت خواجہ علاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند بخاری علیہ الرحمہ کی صحبت کے اوائل کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں؛ ایک دن جب حضرت خواجہ کھڑے تھے تو مَیں نے آپ سے اپنے دل کی کیفیت کو بیان کیا، حضرت خواجہ نے میرے پاؤں پر اپنا پاؤں مبارک رکھا تو مجھے تمام موجودات کا مشاہدہ حاصل ہو گیا۔ جب مَیں اِس کیفیت سے واپس پلٹا تو آپ نے فرمایا نسبت اس کو کہتے ہیں نہ کہ اپنے دل کو سہ روزہ چاند کی طرح چمک دار دیکھنے کو۔ (ماخوذ از رشحات و حضرات القدس)

20۔ حضرت مولانا خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہٗ

آپ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے کبار خلفأ میں سے تھے، آپ ظاہری و باطنی علوم سے آراستہ تھے۔ آپ غزنی کے نزدیک چرخ گاؤں کے رہنے والے تھے جبکہ مدفن علاقہ "حصار" کے ایک گاؤں میں ہے۔

21۔حضرت خواجہ ناصرالدین عبیداللہ احرار قدس سرہٗ

آپ کا انتساب حضرت مولانا یعقوب چرخی علیہ الرحمہ سے ہے۔حضرت مولانا یعقوب چرخی نے خواجہ ناصرالدین عبیداللہ احرار کو اِجازت وخِلافت دیتے ہوئے فرمایا کہ جو کچھ آپ کو ہم سے ملا ہے لوگوں تک پہنچاؤ۔آپ کا وِصال 895ہجری میں ہوا۔آپ کے وِصال کے وقت عجب کرامت ظاہر ہوئی کہ آپ کا وِصال مغرب اور عشأ کے درمیان ہوا،اس وقت آپ کی پیشانی سے ایسا نور نکلا کہ اس کی روشنی نے تمام شمعوں کی روشنیوں کو ماند کردیا۔

22۔حضرت خواجہ محمد زاہد وخشی قدس سرہٗ

آپ حضرت خواجہ عبیداللہ احرار سے منسوب ہیں، آپ ان کے اعظم واکرم خلیفہ ہیں۔آپ علاقہ حصار کے گاؤں وخش یا وخشوار میں پیدا ہوئے۔آپ حضرت مولانا یعقوب چرخی کے قریبی رشتہ دار ہیں۔آپ ایک واسطہ سے حضرت مولانا یعقوب چرخی کے مرید ہیں لیکن آپ حضرت عبیداللہ احرار قدس سرہٗ سے بیعت ہوکر مشرف بہ خلافت ہوئے۔آپ کا وِصال 936ہجری میں ہوا اور آپ کو موضع وخش میں ہی سپردِ خاک کیا گیا۔

23۔حضرت خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ

آپ اپنے ماموں حضرت مولانا محمد زاہد قدس سرہٗ العزیز سے خلافت ونسبت یافتہ ہیں۔ آپ ہی ان کے نائبِ مناب ہوئے۔آپ نہایت پرہیزگار اور طریقِ گمنامی پر عمل پیرا تھے۔اپنے حالات کو خفیہ رکھنے کے لئے بچوں کو قرآن مجید پڑھایا کرتے تھے۔آپ اپنے آپ کو اِسی پردہ میں چھپاتے رہے کہ ایک دن ایک تُرک درویش نے آپ کے اس پردۂ گمنامی کو فاش کردیا۔وہ جب آپ کے شہر کے پاس سے گزرا تو اس نے کہا کہ مجھے یہاں سے کسی ’’مردِ کامل‘‘ کی خوشبو آتی ہے اور اس نے آپ کی طرف اشارہ کرکے یہ بات

کی۔ آپ 970 ہجری میں اس دارِفانی سے رخصت ہوئے۔

24۔حضرت مولانا خواجگی اُملکنگی رحمۃ اللہ علیہ

طریقت میں آپ کا انتساب حضرت مولانا درویش محمد سے ہے۔آپ نے انہی سے تکمیلِ ارشاد کی اور تیس سال تک اپنے والد حضرت درویش محمد قدس سرہٗ کی مسند پر جلوہ افروز رہے۔آپ سے اُمرأوفقرأاور علمأ وفضلأ نے اکتسابِ فیض کیا۔

آپ نے 90 برس کی عمر میں 1008 ہجری میں وِصال فرمایا۔آپ کا مولد و مدفن ''اُملکنہ'' گاؤں جو سمرقند کے مضافات میں ہے،مرجعٔ خلائق ہے۔

25۔حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہٗ العزیز

طریقتِ نقشبندیہ میں آپ کا انتساب حضرت خواجگی اُملکنگی علیہ الرحمہ سے ہے۔آپ کی تربیت بہ طریقِ اویسی حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند بخاری سے ہوئی۔آپ کے والدِ گرامی کا نام عبدالسلام خلجی سمرقندی قریشی تھا جو عالمِ باعمل اور صاحبِ حال بزرگ تھے۔

آپ طریقۂ عزیزان نقشبندیہ کے مطابق مغلوب الحال تھے۔۔آپ نے ابتدائی تعلیم حضرت مولانا صادِق حلوائی علیہ الرحمہ سے حاصل کی اور پھر ماوراُالنہر تشریف لے گئے۔آپ کی علمی قابلیت اس درجہ کو پہنچی ہوئی تھی کہ آپ کے جملہ احباب ادِق مسائل کا حل آپ کی بارگاہ سے چاہتے تھے۔حضرت خواجہ ایک سال تک لاہور میں مقیم رہے پھر دہلی تشریف لے گئے۔آپ عام طور پر نمازِ عشأ کے بعد مراقب ہوتے اور اِسی میں فجر کر دیتے۔ ہمیشہ اپنے سر کو جھکائے رکھتے تھے،اگر اتفاقاً کسی پر نظر پڑ جاتی تو وہ شخص بے ہوش ہو کر گر جاتا تھا اور جو لوگ ان کا تماشا دیکھنے آتے وہ بھی صوفیوں کو دیکھ کر زمین پر تڑپنے لگتے۔

آپ کا طریق،گمنامی،گوشہ نشینی اور عاجزی وانکساری تھا۔اکثر طالبوں کو ذکرِ قلبی کی

تلقین کرتے۔ بہت سے طالب تو آپ کے صرف دیدار سے ہی نسبت حاصل کر لیتے۔

آپ کا وِصال 1012 ہجری میں ہوا۔ آپ کا روضۂ پاک دہلی بھارت میں ہے۔

26۔ حضرت شیخ احمد، مجدد الف ثانی سرہندی قدس سرہٗ العزیز

آپ کا انتساب حضرت خواجہ محمد باقی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ آپ کی وِلادت ماہِ شوال 971 ہجری کو سرہند شریف میں ہوئی۔ آپ نے ابتدائی عمر میں ہی قرآنِ مجید حفظ کر لیا تھا۔ علم کی تکمیل کے لئے آپ سیالکوٹ تشریف لائے جہاں سے آپ نے حضرت مولانا کمال کشمیری اور حضرت مولانا یعقوب کشمیری رحمۃ اللہ علیہما سے معقولات اور علم حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ آپ نے سترہ سال کی عمر میں علومِ ظاہری کی تحصیل مکمل کر لی تھی۔

آپ ہزار سالہ مجدد ہیں، آپ نے اکبر کے دینِ الٰہی کو چیلنج کیا اور اپنی بے مثال استقامت سے بالآخر اپنے مؤقف کو منوانے اور اسلام کو بچانے میں کامیاب ہو گئے۔ آپ کا وِصال 28 صفر 1034 ہجری کو ہوا اور آپ کا مرقدِ انور سرہند شریف میں اپنی برکتیں لُٹا رہا ہے۔

27۔ حضرت خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمہ

آپ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے تیسرے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی وِلادت 1007 ہجری میں ہوئی۔ آپ کو طریقتِ نقشبندیہ میں نسبت اپنے والدِ گرامی سے حاصل ہے۔ آپ نے طریقتِ نقشبندیہ مجددیہ کی ترویج و اشاعت میں اپنی تمام زندگی صرف کردی۔ 9 ربیع الاول 1079 ہجری میں آپ کا وِصال ہوا۔

28۔ حضرت خواجہ محمد نقشبند ثانی علیہ الرحمہ

آپ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے دوسرے فرزند تھے۔ آپ کی وِلادت رمضان 1034 ہجری میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے وِصال کے چند ماہ بعد ہوئی۔ آپ

نے اکثر کتب اپنے چچا حضرت خواجہ محمد سعید علیہ الرحمہ سے پڑھیں۔آپ کی نسبت اپنے والد حضرت خواجہ محمد معصوم سے ہے۔آپ کی وفات 29 محرم الحرام 1114 ہجری کو ہوئی۔

29۔حضرت خواجہ محمد زبیر رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت ابوالعلی بن حضرت خواجہ نقشبند ثانی رحمۃ اللہ علیہما کے فرزند ہیں۔آپ کی وِلادت 1093 ہجری میں ہوئی،علومِ ظاہری و باطنی اپنے والد بزرگوار سے حاصل کیئے۔ آپ کا وِصال 4 ذیقعد 1152 ہجری کو ہوا۔

30۔حضرت سیّد قطب الدین حیدر رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسمِ گرامی سیّد محمد اشرف ہے۔آپ کی وِلادت بخارا میں 1047 ہجری میں ہوئی اور علومِ ظاہری کی تکمیل بخارا ہی میں کی۔اس کے بعد پیرِ کامل کی تلاش میں سرہند پہنچے اور حضرت خواجہ محمد زبیر علیہ الرحمہ کے ہاتھ پر بیعت کرکے علومِ باطنی میں کمال حاصل کیا۔پندرہ سال شیخ کی خدمت میں رہ کر خلافت واجازت سے سرفراز ہوئے۔آپ کا وِصال مدینہ منورہ میں 11 رجب 1180 ہجری کو ہوا اور حضرت سیّدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت سیّد آدم بنوری و حضرت خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہما کے قریب آسودۂ خاک ہوئے۔

31۔حضرت حافظ سیّد جمال اللہ رامپوری قدس سرہٗ

آپ گجرات (پاکستان) میں 1137 ہجری میں پیدا ہوئے۔آپ نے سیر سیاحت کے دوران بہت سے مشائخ کی زیارت کی۔آپ سرہند پہنچے تو حضرت سیّد قطب الدین حیدر رحمۃ اللہ علیہ سے نسبت نقشبندیہ مجددیہ حاصل کی۔سرہند شریف کی ویرانی کے بعد آپ رامپور (مصطفٰی آباد) منتقل ہوگئے۔آپ کا وِصال 4 صفر 1209 ہجری کو ہوا،مرقدِ انور رامپور بھارت میں ہے۔

32۔حضرت خواجہ سیّد محمد عیسیٰ علیہ الرحمہ

آپ موضع چودھواں ڈیرہ اسماعیل خان میں پیدا ہوئے۔آپ کی بیعت و خلافت حضرت سیّد جمال اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔آپ کا وِصال 7 ذوالحجہ 1220 ہجری کو ہوا، مزارِ مبارک قصبہ چودھواں ڈیرہ اسماعیل خان میں ہے۔

33۔حضرت خواجہ سیّد محمد فیض اللہ گیلانی تیراہی علیہ الرحمہ

آپ کی وِلادت 1143 ہجری میں ہوئی۔آپ کے والد سیّد خان محمد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ گردیز افغانستان سے ہجرت کر کے موضع ڈوڈہ نزد کوہاٹ تشریف لائے اور یہاں آپ نے ایک مدرسہ کی بنیاد رکھی اور خود علومِ درسیہ کی تعلیم دینے میں مشغول ہوگئے۔حضرت سیّد محمد فیض اللہ گیلانی نے اِسی درس میں اپنے والدِ گرامی سے علومِ ظاہری کی تکمیل کی اور اپنے والد کے وِصال کے بعد اس درس کا انتظام سنبھالا۔جب سکھوں نے اس علاقہ پر قبضہ کرلیا تو آپ اپنے خاندان کے ساتھ یہاں سے ہجرت کر کے تیزئی علاقہ تیراہ چلے گئے۔جس مقام کو آپ نے سکھوں کے خلاف جہادی سرگرمیوں کا مرکز بنایا، اس کو بعد میں اخوندکوٹ کے نام سے موسوم کیا جانے لگا۔اسی دوران احمد شاہ ابدالی نے بھی سکھوں کے خلاف جہاد شروع کردیا۔آپ نے اپنی خدمات کو احمد شاہ ابدالی کے سپرد کردیا تاکہ سکھوں کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اپنا کر جہاد کیا جائے۔

اسی دوران آپ کی ملاقات حضرت سیّد جمال اللہ رامپوری سے ہوئی اور آپ نے احمد شاہ ابدالی کی فوج کو چھوڑ کر اپنے مرشد کی ملازمت اختیار کرلی۔آپ کے مرشد نے تربیت کے لئے آپ کو حضرت سیّد محمد عیسیٰ علیہ الرحمہ کے حوالہ کردیا، جن کے فیضِ نظر سے آپ نے علومِ باطنی میں کمال حاصل کیا۔جب آپ کو خلافت و اِجازت سے نوازا گیا تو آپ نے

اخوندکوٹ تیراہ شریف کو اپنے فیوضاتِ روحانیہ کی تقسیم کا مرکز بنایا۔آپ کا وِصال1235 ہجری میں ہوا،مزارِمبارک اخوندکوٹ نزد تیزئی علاقہ تیراہ میں مرجع خلائق ہے۔

34۔حضرت خواجہ سیّدنورمحمد گیلانی چوراہی رحمۃ اللہ علیہ

خواجہٗ خواجگان،غوثِ زمان،قطبُ الاقطاب،مظہرکرامات،جامعِ کمالات،دافعِ بدعات، وارثِ کمالاتِ نبویہ،امامِ طریقت،رہبرشریعت،آگاہِ حقیقت مولانا خواجہ سیّدنورمحمد تیراہی ثم چوراہی رحمۃ اللہ علیہ علمائے راسخین سے تھے۔آپ نے اپنے والدِگرامی سیّدفیض اللہ گیلانی تیراہی رحمۃ اللہ علیہ سے طریقتِ نقشبندیہ مجددیہ کا فیض حاصل کیا۔

آپ کا اِسمِ گرامی سیّدنورمحمد گیلانی،عُرف باباجی قدس سرہٗ،والدِگرامی کا نام سیّدفیض اللہ قدس سرہٗ ہے۔سن پیدائش غالباً1179ھ1765ء ہے۔آپ قبائلی علاقہ تیراؔہ کے گاؤں اخوند کوٹؔ،تیزیٔ شریف میں پیدا ہوئے۔جب آپ کی پیدائش ہوئی تو آپ کے والدِگرامی سیّدمحمد فیض اللہ قدس سرہٗ نے فرمایا:''مجھے تین دن پہلے اس کی بشارت ہوچکی ہے کہ فرزندم سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ اوراسلام کے لئے تقویت کا باعث ہوگا۔''

آپ گیلانی سیّد تھے۔شجرہ نسب پیرانِ پیرغوث الاعظم شیخ عبدالقادِر جیلانی قدس سرہٗ کے واسطہ سے حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح ملتا ہے:

''نورمحمد بن فیض اللہ بن خان محمد بن علی ولی محمد بن شیخ سلیمان بن سلطان بن شیخ الاسلام بن عبدالرسول بن موسیٰ بن عبد القادر بن حسن بن محی الدین ابوالنصر بن ابوصالح بن عبدالرزاق بن غوث الاعظم سیّدعبدالقادر جیلانی بن ابی صالح بن موسیٰ بن عبداللہ الجیلی بن یحییٰ زاہدی بن محمد مورث بن داؤد بن موسیٰ بن عبداللہ الحوارث بن موسیٰ الجون بن عبداللہ حسن مثنیٰ بن امام حسن رضی اللہ عنہ ابن علی المرتضیٰ واز مادرسیّدۃ النسأ فاطمہ الزہرأ بنت خاتم الرسل

ہادیٔ سبل سیّد المرسلین حضرت محمد مصطفٰے علیہ وآلہٖ الصلوٰۃ والسلام۔"

آخری عمر میں 1284ھ میں چورا شریف تشریف لائے اور قریباً ڈیڑھ سال کا عرصہ یہاں قیام پذیر رہنے کے بعد 1286ھ میں وِصال فرمایا۔ باوا جی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے چار فرزند تھے، جن کے نام یہ ہیں؛

سیّد احمد گل گیلانی، سیّد فقیر محمد گیلانی، سیّد دین محمد گیلانی اور سیّد شاہ محمد گیلانی

بابا جی صاحب کے چاروں فرزند صاحبانِ علم وعرفان تھے۔ اِن حضرات نے اپنی تمام زندگی اللہ تعالیٰ کے دین کو پھیلانے میں صرف کر دی۔ بابا جی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہ فیضان ہے کہ آج تک آپ کی اولاد نسل در نسل خدمتِ دین میں مصروف ہے۔ اس طرح بہت کم ہوا ہے کہ کسی ولی کامل کی اولاد اتنے لمبے عرصہ تک اپنے بزرگوں کے راستے پر گامزن رہ سکی ہو لیکن یہ بابا جی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خاص کرامت ہے کہ چھ نسلوں کے گزرنے کے باوجود آپ کا مشن جاری ہے اور تا قیامت جاری رہے گا۔

35۔ حضرت سیّد شاہ محمد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

بابا جی خواجہ سیّد نور محمد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے چھوٹے فرزند سیّد شاہ محمد گیلانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ آپ کو سب سے زیادہ محبوب تھے۔ سیّد شاہ محمد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ حافظِ قرآن، صاحبِ علم وعرفان تھے۔ سن پیدائش اغلباً 1235ھ 1819ء اور 1240ھ 1824ء کے درمیان ہے۔

آپ کی صحبت میں عجیب اثر تھا، اپنوں کا تو کیا ذکر بیگانے بھی دیکھتے تو پکار اُٹھتے کہ یہ زمانہ کے ولی ہیں۔ کئی غیر مسلم آپ کی صحبت کی بدولت راہِ راست پر آئے اور دینِ اسلام قبول کر کے سلسلہ میں داخل ہوئے۔ جن میں میاں محمد اسلام سرانوالی ضلع سیالکوٹ (حال سرانوالی چک 123 بھلیر تحصیل سانگلہ ہل، میاں غلام محمد، میاں محمد اعظم شامل ہیں۔ آپ

کی توجہ اس قدر زبردست تھی کہ جس پر بھی خصوصیت سے نظر پڑ گئی، اس کا بیڑہ پار ہو گیا۔

قریباً اسی برس کی عمر مبارک میں آپ 17 رجب المرجب 1315ھ 1898ء کو اِس عالمِ فانی سے رُخصت ہو کر محبوبِ حقیقی سے جا ملے۔ آپ کے دو صاحبزادگان سیّد اِمام شاہ گیلانی اور سیّد غلام محمد شاہ گیلانی قدس اللہ اسرار ہما تھے۔

36۔ حضرت سیّد غلام محمد شاہ گیلانی علیہ الرحمہ

آپ حضرت خواجہ سیّد شاہ محمد گیلانی المعروف حضراتِ خورد رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے صاحبزادے تھے۔ وِلادتِ باسعادت تیزئی شریف میں ہوئی۔

آپ تبلیغِ دین کے سلسلہ میں بہت سرگرم تھے۔ کشمیر میں آپ کا بہت ہی اثر تھا۔ سردار مختار خاں کے پاس پلندری کے مقام پر اکثر تشریف لے جایا کرتے تھے۔ وہاں آپ عموماً محافل منعقد فرمایا کرتے اور پھر آگے آگے خود کلمہ شریف پڑھتے اور احباب آپ کے پیچھے پیچھے پڑھتے، اس طرح سب گاؤں والوں کو کلمہ، نماز اور دوسری ضروریاتِ دین سے روشناس کراتے کیونکہ اس علاقہ کے مسلمان ڈوگرا راج کی وجہ دین اسلام سے بہت دور ہو چکے تھے اور برائے نام مسلمان رہ گئے تھے۔

آپ جہاں بھی تشریف لے جاتے، اِسی طرح محفل قائم فرماتے اور وعظ و نصیحت فرماتے، بہترین مقرر اور خطیب تھے۔ اندازِ بیان کی خوش اُسلوبی اپنی مثال آپ تھی۔

آستانہ عالیہ چورا شریف میں پہلے مبلغ و خطیب تھے، جنہوں نے منبر و محراب سے اعلائے کلمۃ الحق بلند فرمایا۔ آپ کی اشاعتِ اسلام اور تبلیغِ دین کی خدمات یادگار ہیں اور آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔ اندازِ خطابت ایسا مسحور کن ہوتا تھا کہ جس کو سن کر ہندوؤں کی ایک معتد بہ تعداد مسلمان ہو جاتی تھی۔

آپ کے کمالات اور چہرۂ انور کی ملاحت دیکھ کر لوگ فریفتہ ہو جاتے تھے۔

تاریخِ وفات 28 ربیع الثانی 1326ھ 1908ء ہے۔

37۔ حضرت سیّد محمد سعید شاہ گیلانی علیہ الرحمہ

آپ حضرت خواجہ سیّد غلام محمد شاہ گیلانی قدس سرہٗ کے دوسرے صاحبزادے اور حضرت قبلۂ عالم باباجی رحمۃ اللہ علیہ کے چھوٹے اور محبوب فرزند قبلہ سیّد شاہ محمد گیلانی قدس سرہٗ کے پوتے تھے۔ اسمِ گرامی سیّد محمد سعید گیلانی المعروف مولوی صاحب، اسمِ بامسمیٰ تھے، یعنی آپ کا وجودِ مسعود نہایت سعید تھا۔ آپ کی وِلادتِ باسعادت غالباً 1309ھ 1891ء میں ہوئی۔

آپ نے علومِ درسیہ کو نہایت مشکل حالات میں مکمل کیا۔ آپ اپنے خاندان میں ''مولوی صاحب'' کے نام مشہور ہوئے۔ آپ نہایت زیرک، صاحبِ علم تھے۔ آپ کی تمام زندگی دُنیاوی حرص و ہوس سے دُور رہی۔ آپ کے متعلق خاندانِ چوراہیہ کی ایک بزرگ شخصیت کا یہ فقرہ مشہور ہے کہ اگر مولوی سیّد محمد سعید شاہ گیلانی اپنے علم کے زور پر دُنیا حاصل کرنا چاہتا تو اس زمانے میں اس سے بڑھ کر کوئی امیر نہ ہوتا لیکن آپ نے اپنے بزرگوں کے ورثہ کو ہی سب سے بڑی دولت سمجھا۔ علمِ دین سے آپ کی محبت کا ہی نتیجہ تھا کہ آپ نے اپنے پانچ فرزندوں کو دین و دُنیا کے علوم سے روشناس کرایا۔ یہ آپ کا فیضانِ نظر ہی ہے کہ آج بھی آپ کی اولاد میں علم سے شغف رکھنے والے موجود ہیں۔

مکھڈ شریف میں آپ نے ایک عرب قاری سے سندِ قرأت حاصل کی۔ قرآنِ مجید کی تلاوت اس قدر خشوع و خضوع سے فرماتے کہ آپ کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔

آپ علومِ باطنی کے حصول کے لئے اپنے ماموں جان قبلہ سیّد حضرت شاہ گیلانی قدس سرہٗ بن حضرت خواجہ سیّد دین محمد گیلانی عرف حضرت مُلا جی قدس سرہٗ سے چہار سلسلہ نقشبندیہ، قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ میں بیعت ہو کر بہت تھوڑے عرصہ میں چاروں سلاسلِ عالیہ میں خلافت و اجازتِ بیعت سے سرفراز ہوئے۔

مرشدِ باصفا نے قلیل عرصہ میں مشاہدۂ جمال کی لذت سے آشنا کرکے حضوری کے کیف وسُرور سے آپ کا دامن بھر دیا۔ کیونکہ آپ کی طلب صادق تھی، اس لئے وصلِ حقیقی سے فیضیاب ہوئے۔ نیز صغرسنی میں والدِ مکرم حضرت قبلہ سیّد غلام محمد شاہ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اجازتِ بیعتِ سلسلہ مرحمت فرمائی تھی۔

تبلیغِ دین کے لئے آپ نے اپنی تمام عمر سوائے آخری چند سالوں کے سفر میں گزاردی اور دین حقہ کی تبلیغ کی خاطر اپنے آرام وآسائش کی کوئی پرواہ نہ کی۔ خصوصاً کشمیر کے علاقہ میں جہاں رسل ورسائل کا کوئی انتظام نہ تھا اور وہاں کا سفر بے حد دُشوار گزار تھا۔ آپ نے اشاعتِ دین کے لئے میلوں پیدل سفر کرکے گھر گھر پیغامِ توحید ورسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سنایا۔ وہاں کے ہندو راجہ سے مسلمانوں کو حقوق دِلوانے کے لئے گراں بہا کوششیں کیں۔ موضع پلندری میں آپ نے ''انجمن تعلیم القرآن'' کی بنیاد رکھی۔

مئی 1969ء میں انجمن تعلیم القرآن پلندری کی درس گاہ کے فارغ التحصیل طلبأ کی دستار بندی کی تقریب کی صدارت کے لئے آپ پلندری تشریف لے گئے، وہیں 9 ربیع الاوّل 1389ھ 26 مئی 1969ء بروز سوموار نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد سینہ مبارک میں ہلکا سا درد اُٹھا۔ خادِم محمد صادق حاضر تھا، آپ کے فرمان کے مطابق اس نے آہستہ آہستہ سینہ مبارک دبانا شروع کیا۔ اِسی دوران آپ کے لبوں سے ''اللہ اللہ'' کی مدہم سی آواز آنا شروع ہوئی، چہرۂ انور پر تبسم تھا۔ حاضرین اکٹھے ہوکر حال دریافت کررہے تھے کہ آپ جان جانِ آفریں کے سپرد کرکے بارِ عظیم سے سبکدوش ہوگئے۔ چہرۂ مبارک پر اس طرح کا تبسم قائم تھا جس کے متعلق درویشِ لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ؎

نشانِ مردِ مؤمن با تو گویم
چو مرگ آید تبسم بر لب اوست

حضرت خواجہ سیّد محمد سعید شاہ گیلانی قدس سرہٗ کے پانچ صاحبزادگان آستانہ عالیہ نوریہ چوراشریف کی زینت بنے؛1۔سیّد محمد محمود الحسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ، 2۔سیّد محمد مسعود الحسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ، 3۔سیّد محمد مختار الحسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ، 4۔سیّد محمد طفیل گیلانی رحمۃ اللہ علیہ، 5۔سیّد محمد طیب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔

38۔حضرت سیّد محمد مسعود الحسن شاہ گیلانی المعروف صوفی صاحب علیہ الرحمہ

آپ حضرت خواجہ سیّد محمد سعید شاہ گیلانی قدس سرہٗ کے دوسرے فرزند تھے۔ وِلادتِ باسعادت 2 جولائی 1923ء 1342ھ کو آستانہ عالیہ نوریہ چوراشریف میں ہوئی۔

آپ اپنے وقت کے جید ترین علماءٗ میں سے تھے۔آپ کے جلیل القدر اساتذہ میں مفتی احمد یار خان نعیمی، مفتی محمد حسین نعیمی،سیّد ابوالبرکات صاحب،سیّد وِلایت شاہ، حافظ خان عالم صاحب، قاضی عبدالسبحان صاحب رحمۃ اللہ علیہم اجمعین شامل تھے۔آپ کو اپنے خاندان میں بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ظاہری علوم کی تحصیل کے بعد والد بزرگوار نے نہایت قلیل عرصہ میں سلوکِ مجددیہ سے نواز کر معرفت اِلٰہی کی منزل پر پہنچایا اور خلافت واجازتِ بیعت چہار سلسلہ سے نواز کر تبلیغِ دین کے لئے بھیجا۔علمی شغف پورا کرنے کے لئے محکمہ تعلیم سے منسلک ہوگئے اور 1983ء میں ریٹائر ہونے کے بعد پوری دلجمعی کے ساتھ تبلیغِ دین اور اصلاحِ عامہ کے لئے ہمہ تن مصروف ہوگئے۔

آپ کو باباجی خواجۂ خواجگان سیّد نور محمد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے بے حد محبت تھی۔آپ کی گفتگو اور تقاریر ان حضرات کے تذکرہ سے مزین ہوتی تھیں،آپ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے عقائد ونظریات کے زبردست حامی تھے۔آپ کو مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ پر بعض لوگوں کے اعتراض اتنے ناگوار گزرے کہ آپ نے تمام مصلحتوں سے بے پرواہو کر ایک کتاب "توضیحاتِ مجددیہ" لکھی۔آپ نے باقاعدہ درسِ مکتوباتِ امام ربانی کا

سلسلہ شروع کیا اور تاحیات اِسے جاری رکھا۔

تمام عمر مبارک عقائدِ اہل سنت کی ترویج واشاعت میں صرف فرمائی۔

تبلیغِ دینِ اسلام کے جذبے کے تحت آپ نے جماعت خدامِ اہل سنت رجسٹرڈ فیصل آباد میں قائم کرنے کی تلقین فرمائی۔آپ جماعت کے پہلے سرپرستِ اعلیٰ تھے۔الحمدُ للہ! جماعت حکومت پنجاب سے فروری 1981ء سے باقاعدہ رجسٹرڈ ہوئی اور تبلیغِ دین میں حتی المقدور کوشاں رہی، کئی تبلیغی پمفلٹ اور رسائل طبع کرا کے مفت تقسیم کئے اور تاحال جماعت آپ کے جلیل القدر صاحبزادے پیر سیّد بدر مسعود شاہ گیلانی مدظلہٗ کی سرپرستی میں بڑے ہدف حاصل کر چکی ہے اور دینِ اسلام کی سچی خدمت میں مصروفِ عمل ہے۔

آپ 14 فروری 2000ء کو اِس جہانِ فانی سے عالم جاودانی کو رحلت فرما گئے اور چوراشریف میں مدفون ہوئے۔اقبالؔ کے اس شعر کے مصداق چہرۂ مبارک پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی ؎

نشانِ مردِ مؤمن با تو گویم
چوں مرگ آید تبسم بر لب اوست

آپ کے تین صاحبزادے یادگارِ اسلاف ہیں؛

1۔پیر سیّد ظفر مسعود شاہ گیلانی مدظلہٗ 2۔پیر سیّد بدر مسعود شاہ گیلانی مدظلہٗ (مترجم کتاب ہٰذا) آپ دونوں صاحبزادگان کی وِلادتِ باسعادت 14 دسمبر 1961ء 1380ھ کو ہوئی۔ 3۔پیر سیّد طارق مسعود شاہ گیلانی مدظلہٗ کی وِلادتِ باسعادت یکم اپریل 1963ء 1382ھ کو ہوئی۔

---------☆--------

(حصہ اوّل)

وظائفِ نوریہ

(قلمی بیاض)

حضرت سیّد شاہ محمدؐ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

ابن

حضرت خواجہ خواجگان سیّد نور محمد گیلانی چوراھی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و تشریح

پیر سیّد بدر مسعود گیلانی، چورا شریف

ایم۔اے، اسلامیات (پنجاب یونیورسٹی)

بہترین پرنٹنگ، اعلیٰ آفسٹ کاغذ،

بزرگانِ نقشبندیہ چوراہیہ کے شجرہ ہائے طریقت

اور معمولات و وظائف کا خوبصورت اور مستند تذکرہ

(حصہ دوم)

وظائفِ نوریہ

(قلمی بیاض)

حضرت سیّد شاہ محمدؐ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

ابن

حضرت خواجہ خواجگان سیّد نور محمد گیلانی چوراھی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و تشریح

پیر سیّد بدر مسعود گیلانی، چورا شریف

ایم۔اے، اسلامیات (پنجاب یونیورسٹی)

(زیرِ طبع)

جماعت خدام اہلسنت کے بانی وسرپرست،

نائبِ مجدد، صوفیٔ باصفا حضرت **صوفی سید مسعود الحسن گیلانی** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کے باکمال قلم سے نکلی ہوئی دلوں کو زندہ کرنے والی تحریر

توضیحاتِ مجدّدیہ

وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان — اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے معترضین کو نئی دعوتِ فکر

صفحات 256 — ہدیہ کتاب 150 روپے

طبع کردہ: **جماعت خدام اہلسنت**، چوراشریف (پاکستان)

سلسلہ نقشبندیہ اور آستانہ عالیہ نوریہ چوراشریف کے بزرگان کے حالات کے علاوہ

برصغیر کی نقشبندی خانقاہوں کے اسلاف اور اخلاف کا خوبصورت تذکرہ

جواہرِ نقشبندیہ

مصنف: **محمد یوسف مجددی** رحمۃ اللہ علیہ

صفحات، 1000 — آفسٹ پرنٹنگ

کتاب کا چوتھا ایڈیشن ضروری اصلاح واضافے کے ساتھ انشاءاللہ عنقریب طبع ہو رہا ہے۔ رابطہ کے لئے،

__ سید بدر مسعود شاہ گیلانی، آستانۂ عالیہ چوراشریف، ضلع اٹک، فون: 0345 5516250

__ قاری یٰسین اصغر سانگلہ ہل، فون: 0341 6133595

__ جلیل احمد فیصل آباد، فون: 0300 7291086

__ جمیل احمد عارف لاہور، فون: 0300 4012035

(زیرِ طبع)

سادات چورا شریف کے سلسلۂ نسب پر اہم دستاویز

اثبات النسب

فی نسب سیّد نور محمد چوراہی جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

نسب سادات چورا شریف

مؤلّف

پیر سیّد بدر مسعود گیلانی، چورا شریف

ایم۔اے، اسلامیات (پنجاب یونیورسٹی)

معاون مؤلّف

پیر سیّد مطیع قادر شاہ گیلانی، چورا شریف

ایم۔اے، اسلامیات، انگلش، فاضل بھیرہ شریف

بہترین پرنٹنگ، اعلیٰ آفسٹ کاغذ، صفحات: 272 ، ہدیہ: 170 روپے

ملنے کے پتے

--- سید بدر مسعود شاہ گیلانی، آستانۂ عالیہ چورا شریف، ضلع اٹک فون: 0345 5516250

--- قاری یٰسین اصغر سانگلہ ہل فون: 0341 6133595

--- جلیل احمد فیصل آباد فون: 0300 7291086

--- جمیل احمد عارف لاہور فون: 0300 4012035

کتاب ہٰذا کی تمام تر آمدنی جماعت خدام اہل سنت کے نام وقف ہے۔